ڈائریکٹر پریس سندھ پولیس آفس۔ فون-021
99212639

بلدیاتی انتخابات کا دوسرا مرحلہ۔

قیام امن اور سیکیورٹی کے حوالے سے اعلیٰ سطحٰی اجلاس۔

کراچی30جون2022:-

آئی جی سندھ غلام نبی میمن کی زیر صدارت سینٹرل پولیس آفس میں ہونیوالے اعلیٰ سطحٰی اجلاس میں حیدرآباد اور کراچی میں بلدیاتی انتخابات کے دوسرے مرحلے میں قیام امن اور سیکورٹی کے جملہ امور واقدامات کا مختلف پہلوؤں سے تفصیلی جائزہ لیا گیا اور مزید ضروری ہدایات دی گئیں۔ اجلاس میں ایڈیشنل آئی جی کراچی جاوید اختر اوڈھو، ڈی آئی جی ہیڈکوارٹرز سندھ، ضلعی ایس ایس پیز کراچی نے براہ راست جبکہ ڈی آئی جی حیدرآباد سمیت ضلعی ایس ایس پیز نے حیدرآباد سے ذریعہ ویڈیو لنک شرکت کی۔

آئی جی سندھ نے کہا کہ لوکل باڈیز الیکشن کے سیکنڈ فیز میں سیکیورٹی کو ناصرف ہائی الرٹ رکھا جائے بلکہ لمحہ بہ لمحہ سیکیورٹی مانیٹرنگ، پولیس پیٹرولنگ اور کڑی نگرانی جیسے جملہ امور و اقدامات کو بھی یقینی بنایا جائے۔

آئی جی سندھ نے ہدایات دیں کہ تمام پولنگ اسٹیشنز پر رائے دہندگان اور اطراف کی آبادیوں میں پر امن ماحول کو یقینی بنانے اور امن وامان کے حالات پر مکمل پولیس کنٹرول کے لیئےضلعی لحاظ سےسیکیورٹی/ڈپلائمنٹ پلانز ترتیب دیئے جائیں۔

انہوں نے کہا کہ ضلعی سطح پر دستیاب افرادی قوت کو انکی ذمہ داریوں کی بابت باقاعدہ بریفنگ دی جائے علاوہ اذیں ممکنہ ایمرجنسی صورتحال سے نمٹنے کے لیئے اینٹی رائٹ ریزرو اور کیو آر ایف پلاٹونز کو متعلقہ اضلاع میں ہمہ وقت تیار اور الرٹ رکھا جائے۔

آئی جی سندھ نے پولیس کو واضح ہدایات دیں کہ امن وامان کی صورتحال پر مکمل پولیس کنٹرول کے لیئے ضلعی سطح پر باہمی روابط کو مزید تقویت دی جائے اور معلومات شیئرنگ اور انھیں بروقت فالو کرنے جیسے اقدامات کو بھی مزید ٹھوس اور نتیجہ خیز بنایا جائے۔

۔؛۔؛۔؛۔؛۔؛۔؛۔؛

ڈائریکٹر پریس سندھ پولیس آفس۔ فون-021
99212639

ٹکرز برائے الیکٹرانک میڈیا

کراچی30جون2022:-

★ کراچی میں بلدیاتی انتخابات کے دوسرے مرحلے میں قیام امن اور سیکورٹی کے حوالے سے اعلیٰ سطحیٰ اجلاس۔

★ حیدرآباد رینج کے افسران نےبھی ذریعہ ویڈیو لنک اجلاس میں شرکت کی۔

★ آئی جی سندھ غلام نبی میمن نے سیکیورٹی/ڈپلائمنٹ پلان ترتیب دینے کے احکامات دیئے۔

★ لوکل باڈیز الیکشن کے سیکنڈ فیز میں سیکیورٹی کو ہائی الرٹ رکھا جائے۔ آئی جی سندھ

★ضلعی سطح پر دستیاب افرادی قوت کو انکی ذمہ داریوں کی بابت باقاعدہ بریفنگ دی جائے۔ غلام نبی میمن

★ممکنہ ایمرجیسی صورتحال سے نمٹنے کے لیئے اینٹی رائٹ ریزرو اور کیو آر ایف پلاٹونز کو ہمہ وقت تیار اور الرٹ رکھا جائے۔
آئی جی سندھ

★امن وامان کی صورتحال پر مکمل پولیس کنٹرول کے لیئے ضلعی سطح پر باہمی روابط کو مزید تقویت دی جائے۔ غلام نبی میمن

-:-:-:-:-:-:-:-:-